سوال

(132) یہ سمجھ کر کہ غروب آفتاب ہوچکا روزہ افطار کرنا مگر ابھی ٹائم باقی ہو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی روزہ دار نے یہ سمجھ کر کہ آفتاب غروب ہوچکا، یا یہ سمجھ کر کہ ابھی صبح صادق نہیں طلوع ہوئی ہے، کچھ کھاپی لیا، یا بیوی سے جماع کر لیا تو اس کا کیا جواب ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بات یہ ہے کہ روزہ کے سلسلہ میں احتیاط برتتے ہوئے اور تساہل کا سد باب کرنے کے لیے ایسے شخص کو اس روزہ کی قضا کرنی ہوگی اور بیوی سے جماع کرنے کی صورت میں جمہور اہل علم کے نزدیک ظہار کا کفارہ بھی دینا ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

اركانِ اسلام سے متعلق اہم فتاوىٰ

صفحہ: 213

محدث فتویٰ